


# ہمارا وطن

ہندوستاں ہے ہمارا وطن
محبت کی آنکھوں کا تارا وطن
ہمارا وطن ، دِل سے پیارا وطن

وہ اس کے درختوں کی تیاریاں
وہ پھَل پھُول ، پودے وہ پھُلواریاں
ہمارا وطن ، دِل سے پیارا وطن

ہوا میں درختوں کا وہ جھومنا
وہ پتوں کا پھولوں کا مُنہ چومنا
ہمارا وطن ، دِل سے پیارا وطن



وہ ساون میں کالی گھٹا کی بہار
وہ بَرسات کی ہلکی ہلکی پھُوار
ہمارا وطن ، دِل سے پیارا وطن

وہ باغوں میں کوئل ، وہ جنگل میں مور
وہ گنگا کی لہریں ، وہ جمنا کا زور
ہمارا وطن ، دِل سے پیارا وطن

اِسی سے ہے اِس زندگی کی بہار
وطن کی محبت ہو یا ماں کا پیار
ہمارا وطن ، دِل سے پیارا وطن

برج نرائن چکبستؔ

## ا. آؤ معنی یاد کریں:

| | | |
|---|---|---|
| زندگی کی بہار | : | زندگی کی رونق ، زندگی کی خوشی |
| آنکھوں کا تارا | : | بہت پیارا |
| کالی گھٹا | : | کالے بادل |
| پھُوار | : | ہلکی ہلکی بوُندیں پڑنا |
| پھُلواریاں | : | پھُلواری کی جمع ، چمن ، باغیچہ |

    

## ۲. مختصر جواب لکھیے

☆ شاعر کو دل سے کون پیارا ہے؟

☆ ہمارے وطن کا نام کیا ہے؟

☆ نیچے لکھے ہوئے شعر کو پڑھ کر جواب دیجیے:

اسی سے ہے اس زندگی کی بہار
وطن کی محبت ہو یا ماں کا پیار

☆ وطن کی محبت کے برابر اور کس کا پیار ہے؟

☆ وہ ساون میں کالی گھٹا کی بہار (اس کا دوسرا مصرع لکھیے)

☆ وہ گنگا کی لہریں وہ جمنا کا زور (اس کا پہلا مصرع لکھیے)

## ۳. اس نظم کا پہلا اور پانچواں بند زبانی یاد کیجیے۔

## ۴. نظم ''ہمارا وطن'' کو اپنے ساتھیوں کے ساتھ ترنم میں پڑھیے

## ۵. مناسب لفظ سے خالی جگہوں کو پُر کیجیے:

☆ ہندوستان ہمارا ............ ہے (وطن، شہر)

☆ جمنا ایک ............ ہے (دریا، صوبہ)

☆ ہندوستان کا قومی پرندہ ............ ہے (کبوتر، مور)

    

**۵. ذیل کے جدول میں کچھ حروف دیے گئے ہیں ان میں سے کچھ حروف کو ملانے سے دریاؤں کے نام بنتے ہیں اُن حروف کو دائرہ بند کیجیے**

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ن | ج | ہ | ل | م | ر |
| و | م | ر | ا | ط | و |
| ا | ن | د | ت | و | ی |
| س | ا | گ | ن | گ | ا |

**۶. استاد بچوں کے ساتھ اپنے وطن کے بارے میں گفتگو کرے**

**۷. ریاست جموں و کشمیر ہندوستان کی ایک ریاست ہے، اپنے استاد کے ساتھ بات کر کے ہندوستان کی مزید دس ریاستوں کے نام لکھیے**

**۸. گھر پر کیجیے:**

ہندوستان کی راجدھانی ''دہلی'' ہے

پاکستان کی راجدھانی ................. ہے

امریکہ کی راجدھانی ................. ہے

برطانیہ کی راجدھانی ........... ہے